# مدنی پھول برائے محفل نعت




DAWATEISLAMI
عالمی مجلس مشاورت

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# "امت کو خدایا رہِ سنّت پہ چلادے"

## کے 22 حروف کی نسبت سے محفلِ نعت کے 22 مدنی پھول

﴿عالمی مجلس مشاورت (دعوت اسلامی)﴾

نعت خوانی اللہ پاک کے آخری نبی، محمدِ عربی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی محبت کی نشانی ہے اور حضور پُر نور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی ثناء خوانی اور محبت اعلیٰ درجے کی عبادت اور ایمان کی حفاظت کا بہترین ذریعہ ہے۔اور دینی ماحول میں نیکی کی دعوت کو عام کرنے کا بہترین ذریعہ بھی۔

**فرمانِ مصطفیٰ** صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: **نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ** یعنی **"مسلمان کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے"** (المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث 5942 جلد 6، صفحہ 185)

لہٰذا **محفلِ نعت** ذمہ داران (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) یہ نیت کرتی رہیں کہ "میں اللہ پاک کی رضا اور اُس کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی خوشنودی کے لیے دعوت اسلامی کے شعبے **محفلِ نعت** کا دینی کام مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گی۔ ان شآءَ اللہ الکریم

**" مدنی پھول طے ہونے کے بعد اس کا نفاذ ہی اصل چیز ہے۔"** (شوریٰ وکابینہ کے مدنی مشورے کے مدنی پھول 22 تا 26 اگست 2013ء)

## دعائے عطار:

**"جو شرعی تقاضوں کے مطابق اخلاص کے ساتھ محفلِ نعت کا اہتمام کرے گا اُس کا اور اُس میں شریک ہونے والے ہر مسلمان کا** ان شآءَ اللہ الکریم **بیڑا پار ہو گا۔"** (نعت خواں اور نذرانہ)

﴿1﴾ خوشی و غمی یا دیگر مختلف موقعوں پر ثواب و برکت حاصل کرنے کے لیے گھروں وغیرہ میں جو اجتماع (بسلسلہ ترویجِ علمِ دین و میلاد رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) کروایا جاتا ہے۔اُسے دعوتِ اسلامی کی اصطلاح میں "**محفلِ نعت**" کہتے ہیں۔اس کے لیے کوئی دن مقرر نہیں اور اس کا دورانیہ **90 منٹ** ﴿ڈیڑھ گھنٹہ﴾ ہے۔

☆ ماہ میں ایک، دوبار غمی اور خوشی کے موقع پر ضرور تاً (جب جب آسانی ہو) **محفلِ نعت** منعقد کروایا جاسکتا ہے۔ (3 مئی 2010 رکن شوریٰ کا مدنی مشورہ)

﴿2﴾ دو ماہ میں کم از کم ایک مرتبہ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں بذریعہ اعلان علمِ دین کی اشاعت کے فضائل بتا کر یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) / شہر کے جس حصے میں دینی کاموں میں کمزوری ہو وہاں شرکاء اسلامی بہنوں کو اپنے گھروں پر محفلِ نعت " **محفلِ نعت میں جانے سے قبل اہل خانہ سے طے کئے جانے والے مدنی پھول** " کے مطابق رکھوانے کی ترغیب دلائی جائے۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ جو اسلامی بہن اپنے گھر میں محفلِ نعت رکھوانا چاہیں تو اجتماع یا مبلغہ (چاہے فون یا بالمشافہ رابطہ ہو، دونوں صورتوں میں) حکمتِ عملی کے ساتھ انہیں محفلِ نعت سے قبل" اہل خانہ سے طے کئے جانے والے **مدنی پھول** " احسن طریقے سے بتادیں تاکہ شرعی و تنظیمی اُصولوں کے مطابق محفلِ نعت منعقد کیا جاسکے۔

﴿3﴾ بیرون ملک میں اگر عوام اسلامی بہنیں فیضانِ مدینہ میں اپنے پرسنل ایونٹس (خوشی و غمی) کے مواقع پر محفلِ نعت رکھوانا چاہیں تو محفلِ نعت کے انعقاد سے قبل حکمتِ عملی کے ساتھ انہیں "**بیرون ملک میں ضرورتاً فیضان مدینہ میں محفلِ نعت کے لئے اہل خانہ کو اسپیشل طور پر بتائے جانے والے مدنی پھول** احسن طریقے سے بتادیں تاکہ شرعی و تنظیمی اُصولوں کے مطابق محفلِ نعت منعقد کی جاسکے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ **محفلِ نعت** میں مبلغات (بیان کرنے والیاں)، **معلمات** (درس دینے والیاں) اور انفرادی کوشش کرنے والی اسلامی بہنوں کو جن کے آپس میں رابطے میں آسانی ہو بھیجا جائے۔

☆ ہر مبلغہ کے جانے کا وقت اور دن ان کی سہولت کے مطابق مقرر کرلیا جائے۔ تاکہ جو بھی اسلامی بہن اپنے گھر محفلِ نعت رکھوانے کا کہیں تو جس مبلغہ کو آسانی ہو ان کا شیڈول ترتیب دیا جاسکے۔ (شرکاء کی تعداد زیادہ ہونے کی صورت میں انفرادی کوشش کے لئے بہتر ہے کہ 5 اسلامی بہنوں کو بھیجا جائے)

﴿4﴾ **محفلِ نعت** کے لئے کسی بھی مبلغہ کا انتظام یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران کے ذریعے نہ ہونے کی صورت میں محفلِ نعت (یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) خود شرکت فرمائیں اور حتی الامکان معذرت نہ کی جائے۔

☆ یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران اسلامی بہن کو چاہیئے کہ جب اُن سے کوئی عوام اسلامی بہن محفلِ نعت رکھوانے کے لئے رابطہ کریں اگر اُنہیں آسانی ہو تو انہیں کسی ذمہ دار سے رابطہ کرنے کا بتایا جائے یا پھر نوعیت کے مطابق ممکنہ صورت میں ان کے رہائشی ذیلی حلقے کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا ایڈریس بتا کر آخر میں ذیلی نگران سے رابطہ کرنے کا کہیں اگر ان کو آزمائش نہ ہو۔

﴿5﴾ اہم تنظیمی ذمہ داران کے یہاں خوشی و غمی کے موقع پر محفلِ نعت میں صاحبزادئ عطار سلمہا الغفار / عالمی مجلس مشاورت، اراکین شعبہ بین الاقوامی امور، ملک و صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ریجن) مشاورت کی شرکت اس پر مشروط رہے گی کہ پوری شادی میں کسی موقع پر گانے باجے اور تصویر و مووی کا سلسلہ نہ ہو۔

☆ صاحبزادئ عطار سلمہا الغفار، اراکینِ عالمی مجلس مشاورت کی اگر کہیں محفلِ نعت میں شرکت ہو تو محفلِ نعت ذمہ دار اسلامی بہن پہلے سے ان مدنی پھولوں کو مدِّ نظر رکھیں کہ (1) محفلِ نعت کا انعقاد کسی اختلافی مسئلہ والی اسلامی بہن کی جانب سے نہ ہو، (2) کوئی پیچیدہ انداز والی منّت پوری کرنے کے سلسلے میں نہ ہوں۔

﴿6﴾ محفلِ نعت کا انعقاد "**شیڈول برائے محفلِ نعت**" کے مطابق کیا جائے نیز جو مبلغات محفلِ نعت میں شرکت فرمائیں ان سے **ماہانہ کارکردگی برائے مبلغۂ محفلِ نعت**" وصول کی جائے۔۔ (تمام مبلغات کا اس پر عمل ہونے کے ساتھ ساتھ پُر کرنا بھی ضروری ہے)

☆ اگر کبھی ذمہ دار اسلامی بھائیوں کی طرف سے کہیں محفلِ نعت میں جانے کا کہا جائے تو ایسی صورت میں " مدنی پھول برائے محفلِ نعت " کے مطابق ہی انعقاد کیا جائے۔

("**ماہانہ کارکردگی برائے مبلغہ محفلِ نعت**" مع **ہفتہ وار سنتوں بھرا** (تحریری دعوت نامہ) "**تقسیم رسائل کے پیکج کی ترغیب** "ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

﴿7﴾ محفلِ **نعت** ذمّہ دار (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) و ڈویژن (اوورسیز میں زون سطح) "**ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا ایڈریس حاصل کرنے کا معلوماتی فارم** (**ڈسٹرکٹ** (**اوورسیز میں کابینہ**) "، "**ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا ایڈریس حاصل کرنے کا معلوماتی فارم ڈویژن** (**اوورسیز میں زون سطح**) "میں اُن اسلامی بہنوں کے رابطہ نمبر لکھیں جنہیں (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) / شہر میں ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا ایڈریس بتانے کے لیے مقرر کریں پھر اس فارم کو اپنے پاس بطورِ ریکارڈ رکھیں اور تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق محفلِ نعت کی ہر مبلغہ تک اس ہدایت کے ساتھ پہنچا دیا جائے کہ محفلِ نعت میں ایسی اسلامی بہنیں جو دوسرے تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سے تعلق رکھتی ہوں اور ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کے لیے تیار ہوں تو انہیں معلوماتی فارم کی مدد سے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا

ایڈریس بتانے والی اسلامی بہن کا رابطہ نمبر دے دیں یا اگر ممکن ہو تو مبلغہ خود اسی وقت متعلقہ اسلامی بہن کو کال کر کے اجتماع کی معلومات لے کر تیار ہونے والی اسلامی بہن کو ان کے رہائشی ذیلی حلقے کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا ایڈریس بتا دیں۔(یہ دونوں پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ **محفلِ نعت** (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) ہر بار جنوری اور جولائی کے مہینوں میں اپنی ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران سے پوری ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) کے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کے update ایڈریس حاصل فرما کر "ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا ایڈریس حاصل کرنے کا معلوماتی فارم (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ)" میں آخری کالم میں جن کے رابطہ نمبر کا ذکر ہے ان تک پہنچا دیں۔

☆ محفلِ نعت ذمّہ دار (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) وڈویژن (اوورسیز میں زون سطح) جن اسلامی بہنوں کے رابطہ نمبرز دیں اُن کے پاس پوری (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) میں ہونے والے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کے ایڈریس کی لِسٹ موجود ہو تاکہ بروقت رہنمائی کر سکیں اور انہیں اکثر کال Receive کرنے کی سہولت بھی ہو۔

☆ محفلِ نعت میں شرکاء کو امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی مرید یا طالب بننے کا ذہن دیا جاتا ہے اگر کوئی اسلامی بہن امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی مرید یا طالب ہونا چاہیں تو play store پر روحانی علاج کی application کے ذریعے مریدین و طالبین کے لئے مکتوب حاصل کر کے انہیں پہنچایا جائے تاکہ یہ ان کی ایمان کی حفاظت کا ذریعہ ثابت ہو۔

﴿8﴾ جس اسلامی بہن کے گھر محفلِ نعت ہو اور وہ کسی دوسرے یوسی (اوورسیز میں ڈویژن) کی اسلامی بہن کو رشتے داری یا تعلقات کی بناء پر دعوت دینا چاہیں تو دے سکتی ہیں مگر کوئی بھی اسلامی بہن کسی اور تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) میں جا کر تلاوت تاصلوٰۃ وسلام کسی شعبے میں حصہ نہیں لے سکتی۔

☆ اگر کسی ذمہ دار اسلامی بہن کی قریبی رشتے دار کے گھر دوسرے یوسی (اوورسیز میں ڈویژن) میں محفلِ نعت ہو اور اگر ان کے نہ جانے کی صورت میں ناراضی یا مسائل پیدا ہونے کا اندیشہ ہو تو ایسی صورت میں وہ اپنی ذمہ دار اسلامی بہن سے اجازت ورہنمائی لے کر جا سکتی ہیں، مگر وہاں محفلِ نعت کا شیڈول اُس تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) کی ذمہ داران ومبلغات کے ذریعے اس طرح چلایا جائے کہ متعلقہ ذیلی حلقے کی مبلغہ اگر بیان کر لیں تو یہ ذمہ دار (جن کے رشتے دار کے گھر محفلِ نعت ہو) دُعا کر لیں اور اگر یہ بیان کر لیں تو وہ دُعا کر لیں لیکن اگر رشتے دار مغرب کے بعد نعتیں پڑھنے کا کہیں تو نہ جایا جائے۔

☆ کسی اسلامی بہن کی بیرونِ ملک یا بیرونِ شہر تقریباً ایک ماہ سے زائد جانا ہو تو اس صورت میں وہ وہاں محفلِ نعت میں تلاوت تاصلوٰۃ وسلام کوئی بھی دینی کام کر سکتی ہیں۔اسی طرح کوئی اسلامی بہن ایک یوسی (اوورسیز میں ڈویژن) / شہر / ملک سے کسی دوسری جگہ منتقل ہو جائے پھر عارضی طور پر پہلے والے مقام پر آئے تو وہاں کی اسلامی بہنیں موجودہ ذمہ دار اسلامی بہن کی اجازت سے ان سے بیان وغیرہ کر سکتی ہیں۔

☆ اگر کسی کے یہاں محفلِ نعت سے قبل ختمِ قادریہ یا ختم قصیدہ بردہ شریف یا قرآن خوانی وغیرہ ہو تو حکمتِ عملی کا تقاضہ یہ ہے کہ اگرچہ یہ چیزیں محفلِ نعت کے شیڈول میں شامل نہیں پھر بھی اگر وقت کی سہولت ہو تو محفلِ نعت کا وقت شروع ہونے سے قبل پہنچ کر قرآن خوانی وختم شریف میں صرف خاموشی سے کچھ وقت شرکت کر لی جائے کہ اس سے اہلِ خانہ وشرکاء پر مثبت اثر پڑے گا۔

☆ اگر ذمّہ داران اسلامی بہنیں اپنے گھر محفلِ نعت رکھوائیں اور محفلِ نعت میں زیادہ نعت خواں ومبلغات کو ساتھ لانے کا کہیں تو انہیں یہی ذہن دیا جائے کہ زیادہ مبلغات کو ایک ہی جگہ پر جمع کر لیں گے تو ممکن ہے کہیں اور دینی کام یا محفلِ نعت کرنا ہو گا تو وہ نہیں ہو سکے گا لہٰذا زیادہ نعت خواں ومبلغات کو لانے کی ضِد واصرار نہ کیا جائے۔

☆ کسی بھی ذمّہ دار اسلامی بہن کے گھر محفلِ نعت میں اس بات کا اصرار نہ کیا جائے کہ نعت خواں اور مبلغہ وغیرہ مغرب تک رُکیں یا تبرکات کی زیارت کے لیے دیر تک رُکیں۔

☆ کوئی بھی ذمّہ دار اسلامی بہن کسی بھی ذمّہ دار اسلامی بہن کے گھر (قریبی رشتہ دار کے علاوہ) اسلامی بھائیوں کی نعت خوانی میں شرکت کے لیے نہ جائیں۔

☆ اگر کسی ذمہ دار اسلامی بہن کے بارے میں اطلاع ملے کہ محفلِ نعت میں انہیں بعد مغرب کچھ تاخیر ہو گئی تو ایسی صورت میں قفلِ مدینہ لگایا جائے البتہ کوئی اسلامی بہن تاخیر کی عادی ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق ان کی اصلاح کی جائے۔

☆ اگر کسی نے خودکشی کی ہو اور ان کے لواحقین محفلِ نعت کے لیے بُلوائیں تو جا سکتے ہیں۔ (دارالافتاء اہلِ سنت)

☆ محفلِ نعت ذمہ دار (یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) اپنی تمام شعبہ ذمہ داران اور مشاورت ذمہ داران کو **"ماہانہ کارکردگی برائے مبلغہ محفلِ نعت"** دیں، تاکہ یہ بھی اس کے مطابق عمل کریں۔

☆ اگر کسی اسلامی بہن نے محفلِ نعت کسی ایسے ہال میں رکھوایا جو دوسرے یوسی (اوورسیز میں ڈویژن) میں ہو تو محفلِ نعت اپنے یوسی (اوورسیز میں ڈویژن) کی اسلامی بہنوں کے ذریعے ہی کروایا جائے۔ لیکن یاد رہے کہ بہر صورت نہ مائیک کے استعمال کی اجازت ہوگی اور نہ ہی مردوں کی آمد و رفت کا سلسلہ ہو۔

☆ اگر کسی کمیٹی والے (جس کے افراد سنّی ہوں) اپنی مذہبی تقریبات میں دعوتِ اسلامی کی ذمّہ داران کو بلائیں اور وہاں کوئی خلافِ شرع کام نہ ہو (مثلاً بے پردگی، تالی بجانا، تصویریں کھینچنا وغیرہ) تو جانا چاہیے انفرادی و اجتماعی کوشش (یعنی بغیر مائیک) کے ذریعے شرکاء کو دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے قریب کریں۔

﴿9﴾ محفلِ نعت ذمہ دار (یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا ڈویژن (اوورسیز میں) زون سطح) **"ماہانہ کارکردگی برائے مبلغہ محفلِ نعت"** کے ذریعے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع، مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں شرکت و نیک اعمال پر عمل کی نیت کر کے بعد میں وابستہ ہونے والی اسلامی بہنوں کے follow up پر تسلی ضرور فرمالیں۔

☆ جو مبلغات و معلمات، محفلِ نعت ذمہ دار (یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) کی انفرادی کوشش کے باوجود مدنی پھول کے لیے تیار نہ ہوں تو محفلِ نعت ذمہ دار (تحصیل (اوورسیز میں ڈویژن) تا (ڈسٹرکٹ اوورسیز میں کابینہ سطح) تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق انفرادی کوشش فرمائیں۔

﴿10﴾ محفلِ نعت ذمہ دار (یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) ہر ماہ تمام مبلغات کی **"ماہانہ کارکردگی برائے مبلغہ محفلِ نعت"** وصول کر کے توجہ فرما کر کمی ہونے کی صورت میں احسن طریقے سے تفہیم فرمائیں۔

﴿11﴾ محفلِ نعت ذمہ دار (یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) ماہ میں ایک بار مبلغہ کو بتائے بغیر ان کے محفلِ نعت میں شرکت فرمائیں اور **"ماہانہ کارکردگی برائے مبلغہ محفلِ نعت"** کے مطابق تمام معاملات پر غور فرمائیں اور کمزوریاں ہونے کی صورت میں احسن طریقے سے متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم فرمائیں۔

﴿12﴾ اگر کسی یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) میں نئی مبلغہ کا اضافہ ہو تو محفلِ نعت ذمّہ دار اسلامی بہن (یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) انہیں **"ماہانہ کارکردگی برائے مبلغہ محفلِ نعت"، "محفلِ نعت میں بیان کے لئے رسائل کی فہرست"، "محفلِ نعت سے قبل اہل خانہ سے طے کئے جانے والے مدنی پھول"، "لواحقین کے لیے مدنی پھول"، عدت و سوگ کے مسائل" "ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع (تحریری دعوت نامہ)" اور "تقسیم رسائل کے پیکج کی ترغیب"** سمجھا کردیں۔

﴿13﴾ محفلِ نعت ذمّہ دار (یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) مبلغات، معلمات اور انفرادی کوشش کرنے والی اسلامی بہنیں 12 ماہ میں ایک بار مدنی مذاکرہ نمبر 20، 24، 33، 67، 68، 69، 73، 100 اور امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کا آڈیو بیان **"اسلامی بہنوں کے تربیتی مدنی پھول"** سننے اور کتاب **"انفرادی کوشش"** و رسالہ **"نعت خواں اور نذرانہ"** کا مطالعہ ضرور فرمالیں۔

## ﴿14﴾ ذمہ داران کی تقرّری کا طریقۂ کار

محفلِ نعت کے دینی کام کے لیے ذمہ داران کا تقرر یوسی (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح ہے۔

☆ محفلِ نعت ذمہ داران (تحصیل (اوورسیز میں ڈویژن) سطح تا عالمی سطح) کے پاس سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے کی ذمہ داری بھی ہے۔ (سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے کے مدنی پھول الگ سے موجود ہیں)

☆ ہر سطح کی محفلِ نعت ذمہ دار اسلامی بہن حلم و بردبار، اطاعت گزار، ملنسار، وفادار، باکردار، بااخلاق، سلجھی ہوئی، سنجیدہ، خود اعتماد، احساس ذمہ داری رکھنے والی، شرعی پردہ کرنے والی، ذاتی دوستیوں سے بچنے والی، نیک اعمال کی عاملہ، دعوتِ اسلامی کے دینی اُصولوں کی آئینہ دار، اصطلاحاتِ دعوتِ اسلامی سے واقف، عاجزی کی پیکر، کم گو، مدنی مشوروں اور سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ کی پابند الغرض سراپا ترغیب ہو یعنی عَمَلی طور پر دینی کاموں میں شریک ہو اور دینی ماحول سے وابستگی کی مدّت کم از کم 26 ماہ ہو نیز انہیں اپنے شعبے سے متعلق مکمل معلومات ہونا بے حد ضروری ہے۔

☆ کسی بھی سطح پر اور کسی بھی شعبے پر اسلامی بہن کا تقرر صرف اس بناء پر نہ کیا جائے کہ ان کے محرم (اسلامی بھائی) اس شعبے کے ذمہ دار ہیں بلکہ یہ دیکھا جائے کہ کیا وہ اسلامی بہن اس دینی کام کی اہل ہیں؟

11 مئی 2009 کے نگرانِ شورٰی کے مدنی مشورے میں یہ پوائنٹ بھی موجود ہے کہ

**"اہل اور ہم ذہن کو دینی کام دیئے جائیں"**

| نمبر شمار | سطح | | ذمہ دار اسلامی بہن |
|---|---|---|---|
| | پاکستان | بیرونِ ملک | |
| 1 | یوسی/سیکٹر | - | محفلِ نعت ذمہ دار (یوسی/سیکٹر سطح) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | تحصیل / ٹاؤن | ڈویژن | محفلِ نعت ذمہ دار (تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) |
| 3 | ڈسٹرکٹ | کابینہ | محفلِ نعت ذمہ دار (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) سطح) |
| 4 | ڈویژن | زون | محفلِ نعت ذمہ دار (ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) |
| 5 | صوبہ / سٹی | ریجن | محفلِ نعت ذمہ دار (صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ریجن) سطح) |
| 6 | ملک | ملک | محفلِ نعت ذمہ دار (ملک سطح) |
| 7 | عالمی | | محفلِ نعت ذمہ دار (عالمی سطح) |

☆ محفلِ نعت ذمہ دار (یوسی / سیکٹر تاعالمی سطح) میں سے کسی بھی سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن کا تقرر ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق متعلقہ محفلِ نعت ذمہ دار اسلامی بہن کو " **مدنی پھول برائے محفلِ نعت** " اچھی طرح سمجھا کر دیں

## ﴾15﴿ ماہانہ مدنی مشورے و مدنی پھول

محفلِ نعت ذمہ دار (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تاعالمی سطح) درج ذیل طریقۂ کار کے مطابق ماہانہ مدنی مشورہ رکھیں

☆ محفلِ نعت ذمہ دار (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تاعالمی سطح) کو چاہیئے کہ ہر سطح کے مدنی مشورہ میں نیک اعمال کا جائزہ کروائیں۔

| مدنی مشورہ لینے والی | سطح | انگریزی تاریخ | شرکاء |
|---|---|---|---|
| محفلِ نعت ذمہ دار (یوسی / سیکٹر سطح) | یوسی / سیکٹر | 4 | مبلغات |
| محفلِ نعت ذمہ دار (تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) | تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) | 6 | محفلِ نعت ذمّہ دار (یوسی / سیکٹر سطح) (اوورسیز میں مبلغات) |
| محفلِ نعت ذمہ دار (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ سطح) | ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) | 8 | محفلِ نعت ذمّہ دار (تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) |
| محفلِ نعت ذمہ دار (ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) | ڈویژن (اوورسیز میں زون) | 10 | محفلِ نعت ذمّہ دار (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) سطح) |
| محفلِ نعت ذمہ دار (صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ریجن سطح) | صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ریجن) | 11 | محفلِ نعت ذمّہ دار ((ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) |
| محفلِ نعت ذمہ دار (ملک سطح) | ملک | 11 | محفلِ نعت ذمّہ دار (صوبہ / سٹی سطح) |
| محفلِ نعت ذمہ دار (رکن شعبہ بین الاقوامی امور سطح) | عالمی | 12 | محفلِ نعت ذمّہ دار (ریجن سطح) |

☆ ہر سطح کے مدنی مشورہ میں انفرادی کارکردگی، وشیڈول کارکردگی، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ پر کلام ہو۔

☆ ضرورتاً مدنی مشورہ کی تاریخ میں باہم مشاورت سے تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

☆ مدنی مشورہ کی کثرت سے بچنے کے لئے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لئے نگران اسلامی بہن سے اجازت ضروری ہے۔

☆ اگر کسی ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) میں اس شعبے پر تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح پر ذمہ دار مقرر نہ ہو تو پھر یہ مدنی مشورہ نگران اسلامی بہن لے لیں۔

☆ اگر کسی ماہ ڈویژن (اوورسیز میں زون) نگران اسلامی بہن یا ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران اسلامی بہن مدنی مشورہ لیں تو اس شعبے کی ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) ذمہ دار اسلامی بہن الگ سے مدنی مشورہ نہ رکھیں۔

☆ ہر سطح کی محفلِ نعت ذمہ دار اسلامی بہن ہر انگریزی ماہ کی 2 تاریخ تک اپنا "کارکردگی شیڈول اپنی متعلقہ شعبہ ذمّہ دار کو جمع کروائیں۔

☆ ہر سطح کی محفلِ نعت ذمّہ داران اپنی "جاب ڈسکرپشن" کو سامنے رکھتے ہوئے اپنے دینی کاموں کا شیڈول ترتیب دیں۔(**شعبہ محفلِ نعت ملکی ذمہ دار اسلامی بہن کی تنظیمی ذمہ داری (Job description) کی وضاحت** یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴾16﴿ **لرننگ سیشن:** محفلِ نعت ذمہ دار اسلامی بہن (صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ریجن) سطح) سال میں ایک بار 2 دن **شعبہ ذمہ داران learning session (رہائشی) کی احتیاطوں سے متعلق اہم مدنی پھول** کے مطابق عمل کریں۔(یہ پیپر زریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

## ﴾17﴿ کارکردگی فارم کی تاریخیں

محفلِ نعت ذمہ دار (یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) ہر ماہ" **وارڈ تا عالمی سطح کارکردگی برائے محفلِ نعت** " اور"**تقابلی جائزہ فارم**" درج ذیل انگریزی تاریخوں کے مطابق جمع کروائیں۔(یہ تمام پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح: **10**

☆ صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ریجن) سطح: **11**

☆ ملک سطح: **11**

☆ ریجن اوورسیز سطح: **10**

☆ عالمی سطح: **11**

☆ **محفلِ نعت** ذمہ دار (یو سی (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) **متعلقہ کارکردگی فارم اپنی ماتحت ذمہ داران کی کارکردگیوں کو مدّ نظر رکھ کر پُر فرمائیں۔**(یاد رہے! کارکردگی ماہانہ مدنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مدنی مشورہ نہ ہو سکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو کارکردگی پیش کر دیں)

﴾18﴿ ہر سطح کی محفلِ نعت ذمہ دار متعلقہ شعبہ ذمہ دار کو کارکردگی جمع کروانے کے ساتھ ساتھ اپنی نگران کو بھی جمع کروائیں۔

☆ محفلِ **نعت** ذمہ دار (یو سی (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) ماہانہ مدنی مشورہ میں اپنی ماتحت ذمہ داران کی بہتر کارکردگی مثلاً سنتوں بھرے اجتماع و مدنی مشورہ کی پابندی، محفلِ نعت کی کارکردگی بہتر ہونے اور یو سی (اوورسیز میں ڈویژن) میں محفلِ نعت میں جانے والی مبلغات کی تعداد میں اضافہ ہونے کی صورت میں حوصلہ افزائی کرتے ہوئے تحفہ (کتب ورسائل / میموری کارڈ. وغیرہ) دیں

☆ تحفہ (کتب ورسائل / میموری کارڈ وغیرہ) دیتے وقت یہ نیت بھی کروائی جائے کہ کب تک پڑھ یا سُن لیں گی؟
(یاد رہے! ڈونیشن سے تحفہ دینے کی اجازت نہیں)

☆ اگر کہیں محفلِ نعت ذمہ داران (یو سی (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) مقرر نہیں یا اگر مقرر تو ہیں مگر شدید عذر کی بناء پر دینی کام نہیں کر پا رہی ہوں تو اس سطح کی نگران اسلامی بہن کے ذریعے کارکردگی تیار کروائی جائے۔

☆ محفلِ نعت ذمہ داران (یو سی (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) اگر کبھی شدید عذر کی بناء پر کسی ماہ دینی کام نہ کر سکتی ہوں تو قبل از وقت اپنی نگران اسلامی بہن کو لازمی اطلاع دے دیں تا کہ وہ باآسانی دینی کام کو manage کروا سکیں۔

☆ جس شعبے کے دینی کاموں میں مشاورتوں کے نگران کی معاونت نہیں ہو گی، ان شعبوں کی کماحقہ ترقی نہیں ہو سکے گی شعبے والے بھی مشاورتوں کے نگرانوں سے رابطے میں رہیں۔
(حوالہ! مَدَنی مشورہ مرکزی مجلسِ شوریٰ 20 تا 21 ربیع الآخر 1437ھ، 31 جنوری تا یکم فروری 2016ء)

☆ جب کبھی آپ کے شعبے کے مدنی پھول ترمیم و اضافے کے ساتھ آئیں تو محفلِ نعت ذمہ داران (عالمی سطح) ریجن نگران (اوورسیز) سے یہ معلومات ضرور حاصل کر لیں کہ مجھے شعبہ کے لحاظ سے کب مدنی مشورہ لے کر Update کرنا ہے؟ پھر اس کے مطابق رابطے کئے جائیں۔

☆ جہاں جس یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ذیلی) / تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) / ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) / ڈویژن (اوورسیز میں زون) میں شعبہ ذمہ دار مقرر نہ ہوں یا وہاں دینی کام کم ہو یا وہاں اس دینی کام کو کرنے والا کوئی نہ ہو تو متعلقہ مدنی پھول نہ وہاں میل کروائے جائیں نہ فوٹو کاپی کروا کر دئے جائیں اور نہ ہی مدنی مشورہ لیا جائے۔

☆ محفلِ نعت ذمہ داران (تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) / تا عالمی سطح) جب بھی اپنے شعبے کے مدنی پھول پر مدنی مشورہ رکھیں تو پہلے مدنی پھولوں کا اچھی طرح مطالعہ فرمالیں پھر اُس ملک کی نوعیت کے اعتبار سے خاص خاص مدنی پھول کو ہائی لائٹ کر کے وہی مدنی پھول سمجھائے جائیں۔

☆ کسی بھی پوائنٹ کو مسلط کرنے کا ذہن نہ ہو، ماتحت کو بخوشی قائل کرنے کی کوشش کی جائے اور اگر کسی ملک / تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) کی نوعیت ایسی ہو کہ وہاں اس کے نفاذ میں "مشکل" ہو تو رعایت دے دی جائے۔ ہر جگہ ہر کام کے لئے force نہ کیا جائے اور نہ ماتحت کے کلام کو یہ کہہ کر رد کیا جائے کہ "اطاعت کریں" قائل نہ کریں تو مائل تو کریں۔

☆ ہماری ذمہ داری کے حوالے سے جو بھی مدنی پھول ہمیں ملتے ہیں وہ ہمیں حفظ ہونے چاہیئں تب ہی ہمارے دینی کام ترقی کر سکیں گے، مدنی پھول سمجھا کر آگے بڑھائے جائیں، مدنی پھول میں دیئے گئے دینی کاموں کی پوچھ گچھ ہو یوں دینی کام کرتے کرتے مدنی پھول ذہن نشین ہو جائیں گے"۔ (مَدَنی مشورہ شوریٰ 14 اپریل 2016)

☆ ہر سطح کی محفلِ نعت ذمہ داران (تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) اپنی ماتحت کو مدنی پھول سمجھائیں تو اُس سے نچلی سطح کی ذمہ دار سے رابطہ کر کے حکمتِ عملی کے ساتھ احسن انداز میں کر اس چیکنگ ضرور کر لیں کہ اس کے مطابق نفاذ ہو رہا ہے؟ کمی ہونے / عمل نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ ذمہ دار کی احسن طریقے سے تفہیم کر دی جائے۔

☆ محفلِ نعت ذمہ داران (تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) سنتوں بھرے اجتماع، سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ اور مدنی مشورے میں اپنی نگران اسلامی بہن سے اجازت لے کر واپس جائیں۔

☆ ان کے شعبے سے متعلق مسائل سن کر ان کو حل بتایا جائے اور اس شعبے کی ترقی کے لئے ان سے مشورے بھی لئے جائیں۔

☆ محفلِ نعت ذمہ دار (تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) اپنی ذمہ دار اسلامی بہن سے مربوط رہیں، انہیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتی رہیں، جو ذمہ دار سے جتنی زیادہ مربوط رہے گی وہ اُتنی ہی مضبوط ہوتی جائے گی ان شاء اللہ الکریم۔

﴾19﴿ محفلِ نعت ذمہ داران (تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لیے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں۔

☆ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتی رہیئے۔ فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیر اہلسنت، بہار شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنایئے۔ خصوصاً صدر الافاضل مفتی سید محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ کی اسلامی عقائد سے متعلق کتاب بنام "کتاب العقائد" (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)، بہار شریعت کا پہلا حصہ، کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، مسائل سیکھنے کے لئے بہار شریعت کے منتخب ابواب اور حصّوں کے ساتھ ساتھ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے جملہ کتب و رسائل، اچھے برے اخلاق کی معلومات حاصل کرنے کے لئے "باطنی بیماریوں کی معلومات" اچھے اخلاق حاصل کرنے کا طریقہ پر مبنی منجیّات کی کتابیں (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ) کا مطالعہ کیجئے مطالعہ کرنے کے لئے کچھ وقت مثلاً (صبح 19 منٹ) امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی کتب و رسائل کے لئے اور اسی طرح دیگر کتب کے لئے بھی کچھ وقت مثلاً (بعدِ مغرب و قبل طعام 19 منٹ) خاص کیجئے۔

☆ برقع کی پابندی کریں اور دیدہ زیب برقع پہننے سے اجتناب کریں۔﴾مدنی برقع "شرعی پردے" کا بہترین ذریعہ ہے﴿

☆ عملی طور پر دینی کاموں میں شریک ہوں۔ روزانہ کم از کم (2) گھنٹے دینی کاموں میں صرف کریں، پابندیٔ وقت کے ساتھ اول تا آخر ہفتہ وار اجتماعات اور سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ میں شرکت وغیرہ۔

☆ اپنی اصلاح کی کوشش کے لئے نیک اعمال پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ نیک اعمال کا جائزہ لیتے ہوئے ہر ماہ نیک اعمال کا رسالہ اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لئے اپنے محارم کو عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں ایک ماہ اور ہر ماہ میں کم از کم 3 دن شیڈول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترغیب دلاتی رہیں۔

☆ بلا ناغہ نیک اعمال کا جائزہ لیتے ہوئے ہوئے عطار کی مدنی بیٹی بننے کی سعی جاری رکھیں۔ نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ اشارے میں اور کچھ لکھ کر کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ نگاہیں جھکا کر رکھنے کی عادت بنائیں۔

☆ مرکزی مجلس شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشورے کے ملنے والے مدنی پھول کا خود بھی مطالعہ کریں اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچائیں۔

☆ دورانِ دینی کام و ملاقات امیر اہلسنت، بانیٔ دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید / طالب بنانے کی کوشش کرتی رہیں، مرید / طالب ہو جائیں تو شعبہ روحانی علاج سے مکتوب بھی منگوائیں۔

☆ دینی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص نیک عمل نمبر 15 اور 44 کی عاملہ بن جائیں۔

☆ نیک عمل نمبر 15: کیا آج آپ نے "عالمی مجلسِ مشاورت" کے اصولوں کے مطابق اپنی نگران کی اطاعت کی؟ (فرمانِ امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ: شریعت کی اجازت ہونے کی صورت میں شوریٰ کی اطاعت میری اطاعت، شوریٰ کی نافرمانی میری نافرمانی ہے۔(شعبہ اصلاح اعمال))

☆ نیک عمل نمبر 44: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بہن) سے برائی صادر ہونے کی صورت میں تحریری طور پر یا بذریعہ میسیج یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے آپ غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھیں؟ ہاں خود سمجھانے کی جرأت نہ ہو یا ناکامی کی صورت میں تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق مسئلہ حل کروانے میں حرج نہیں (جب کہ اس کی برائی دعوتِ اسلامی کے لیے نقصان دہ ہو)

## ﴿20﴾ پوچھ گچھ

**فرمانِ امیر اہلسنت** دامت برکاتہم العالیہ: "**پوچھ گچھ** دینی **کاموں کی جان ہے**"۔

(مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے)

☆ **محفلِ نعت** ذمہ دار (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) "**مدنی پھول برائے محفلِ نعت**" میں موجود دینی کام اپنے پاس ڈائری میں بطور یادداشت تحریر فرمالیں یا ہائی لائٹ کرلیں تاکہ بروقت ہر مدنی پھول پر عمل ہوسکے۔

☆ **محفلِ نعت** ذمہ داران (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح)) اپنی ماتحت ذمہ داران سے ماہانہ مدنی مشورے میں بھی پوچھ گچھ فرمائیں کہ ان مدنی پھولوں پر کہاں تک عمل ہوا؟

☆ کمزوری ہونے پر متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم اور آیندہ بہتری کے لئے لائحہ عمل تیار کریں۔

☆ **محفلِ نعت** ذمہ دار (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) "**مدنی پھول برائے محفلِ نعت**" مع تمام ریکارڈ پیپرز Display file میں ترتیب وار رکھ کر محفوظ فرمالیں۔

☆ **محفلِ نعت** ذمہ دار (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) اپنی ماتحت ذمہ داران کے پرشدہ "**شیڈول**" Display file میں محفوظ فرمالیں۔

☆ "**مدنی پھول برائے محفلِ نعت**" سے متعلق اگر کوئی مدنی مشورہ ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ "**مدنی پھول برائے محفلِ نعت**" سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ **محفلِ نعت** ذمہ دار (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) سطح) شرعی سفر ہونے کی صورت میں بحالتِ مجبوری انٹرنیٹ مدنی مشورے کے ذریعے بھی مدنی پھول سمجھا سکتی ہیں۔

☆ اپنے ملک کے حالات و نوعیت کے مطابق ملکی ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) کے نگران اور متعلقہ صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ریجن) نگران اسلامی بہن کی اجازت سے ان مدنی پھول میں حسبِ ضرورت ترمیم کی جاسکتی ہے۔

**اللہ کریم!** اخلاص کے ساتھ شرعی و تنظیمی مدنی پھولوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے عشقِ رسول میں ڈوب کر محفلِ نعت منعقد کرنے اور اس میں شرکت کرکے قبر و آخرت منور کرنے کی عظیم سعادت نصیب فرمائے امین بجاہ خَاتَمِ النَّبِيّٖن صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم

حشر میں زیرِ لوائے حمد اے عطار ہم
نعتِ سلطانِ مدینہ گنگناتے جائیں گے (وسائل بخشش)

یہ مدنی پھول شرعی و تنظیمی تفتیش کے بعد اوکے ہیں